# سبق نمبر-1: کورس کا تعارف اور تعوّذ

1. اَعُوْذُ کے معنی کتاب سے بتایئے:

(a) آپ پناہ میں آتے ہیں (b) آپ سب پناہ میں آتے ہیں (c) میں پناہ میں آتا ہوں (d) وہ پناہ میں آتا ہے

2. رَجِیْمٌ کے معنی کتاب سے بتایئے:

(a) مردود (b) برا (c) دشمن (d) گناہ گار

3. اس کورس کے مقاصد میں سے ایک یہ ہے کہ قرآن کو سمجھنا........... ہو جائے۔

(a) ضروری (b) مشکل (c) آسان (d) بہت آسان

4. قرآن سے تعامل یعنی:

(a) اس کو سمجھنا (b) اس کی تلاوت کرنا (c) اس پر عمل کرنا (d) تدبّر اور تذکّر

5. نماز سے ابتداء، اس لیے کہ ہم روزانہ تقریباً ایک گھنٹہ ... میں رہتے ہیں۔

(a) مسجد (b) نماز اور دعا کے ماحول (c) گھر (d) اسکول

6. سننے اور پڑھنے پر زیادہ توجہ، اس لیے کہ ہم روزانہ---

(a) قرآن سنتے اور پڑھتے ہیں (b) کام کرتے ہیں۔ (c) نماز پڑھتے ہیں۔ (d) ان میں سے کچھ نہیں۔

7. الفاظ و معانی پر زیادہ توجہ، اس لیے کہ یہی ... ہے۔

(a) آسان طریقہ (b) فطری طریقہ (c) مناسب طریقہ (d) واضح طریقہ

8. أَنَا کے کیا معنی ہے؟

(a) ہم سب (b) آپ (c) میں (d) وہ سب

9. أَنْتُمْ کے معنی بتایئے:

(a) وہ سب (b) ہم سب (c) وہ (d) آپ سب

10. نَحْنُ کے معنی تحریر کیجیے:

(a) وہ عورت (b) ہم سب (c) آپ سب (d) میں

## سبق نمبر-2: سُوْرَةُ الْفَاتِحَة (آیات: 3-1)، هُوَ مُسْلِم، هُمْ مُسْلِمُون ---

1. رَحْمٰن کے معنی کتاب سے بتایئے:

(a) رحم کرنے والا (b) دینے والا (c) بہت مہربان (d) شفقت کرنے والا

2. اَلْعَالَمِيْنَ کے معنی پر صحیح کا نشان لگایئے:

(a) تمام جہاں (b) جاننے والے (c) ایک جہاں (d) ایک جاننے والا

3. اَلْحَمْدُ کے معنی کا انتخاب کیجیے:

(a) ثنا (b) تعریف (c) شکر (d) تمام تعریفیں اور شکر

4. الفاظ کی کتنی قسمیں ہیں؟

(a)8 (b)4 (c)3 (d)2

5. الفاظ کی قسموں کو واضح کیجیے:

(a) مِنْ، بَ (b) بَ، أَ (c) اسم، فعل، حرف (d) a-b

6. اسم کی کیا تعریف ہے؟

(a) اسم کہتے ہیں جگہ کو (b) تینوں صحیح ہیں (c) نام کو (d) صفت کو

7. اسم کی جمع بنانے کا طریقہ کیا ہے؟

(a) جمع بناتے ہیں واؤ، یا بڑھا کر (b) یا، نون بڑھا کر (c) واؤ، نون بڑھا کر (d) b-c

8. نیچے دیے گئے الفاظ میں سے جمع کا لفظ منتخب کیجیے؟

(a) مُسْلِم (b) صَالِحُوْن (c) شَيْطَان (d) رَجِيْم

9. لِلّٰهِ کتنے ٹکڑوں کا مجموعہ ہے؟

(a) دو (b) ایک (c) تین (d) ان میں سے کوئی نہیں

10. عَابِد کی جمع کیا ہو گی؟

(a) عَابِدُوْن (b) عَابِدَانِ (c) عِبَادُوْن (d) عِبَادِيْن

## سبق نمبر-3: سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ (آیات: 4-5)، رَبُّهٗ، رَبُّهُمْ...

1. نَسْتَعِيْنُ کے معنی کتاب سے بتائیے:

(a) تم مدد چاہتے ہو (b) ہم مدد چاہتے ہیں (c) ہم لوگوں نے مدد مانگی (d) ہم سب مدد کرتے ہیں

2. يَوْم کا کیا معنی ہے؟

(a) زمانہ (b) رات (c) دن (d) بدلہ

3. اِيَّاكَ کا ترجمہ کتاب کی روشنی میں کیجیے:

(a) صرف تیری ہی (b) صرف تو (c) صرف میری ہی (d) ہم ہی

4. اَلدِّيْن کے کتنے معنی ہیں؟

(a) 5 (b) 2 (c) 4 (d) 1

5. مَالِك کا ترجمہ کتاب سے کیجیے:

(a) مالک ہے (b) وہ ایک فرشتہ (c) بادشاہ ہے (d) اس کی حکومت ہے

6. آپ نے کتاب میں ـهٗ ـهٖ کے معنی کیا پڑھا؟

(a) اس کا (b) آپ کا (c) ان سب کا (d) میرا

7. "آپ سب کا رب" اس کی عربی بنائیے:

(a) رَبُّهُمْ (b) رَبُّكَ (c) رَبِّيْ (d) رَبُّكُمْ

8. رَبِّيْ کا ترجمہ کیا ہے:

(a) اس کا رب (b) میرا رب (c) آپ سب کا رب (d) ہمارا رب

9. ـهُمْ ـهِمْ کے معنی کتاب سے بتائیے:

(a) اس کا (b) میرا (c) وہ سب (d) ان سب کا

10. رَبُّكُمْ کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) ہمارا رب (b) ان سب کا رب (c) آپ سب کا رب (d) آپ کا رب

# سبق نمبر-4: سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ (آیات: 6-7)، دِینُہٗ، ھِیَ…،

1. اِھْدِنَا کا ترجمہ کتاب کی روشنی میں کیجیے:

(a) ہمیں ہدایت دے (b) ان کو ہدایت دی (c) مجھ کو ہدایت دے (d) میں نے ہدایت پالی

2. الضَّآلِّیْنَ کا ترجمہ تحریر کیجیے:

(a) وہ گمراہ ہوا (b) وہ جو گمراہ ہوا (c) جو گمراہ ہوئے (d) گمراہ ہونے والا

3. اَلصِّرَاطَ کا ترجمہ کیجیے:

(a) روڈ (b) گلی کی (c) راستے کی (d) شاہ راہ

4. اَنْعَمْتَ کے معنی بتایئے:

(a) آپ نے انعام نہیں کیا (b) میں نے انعام کیا (c) ہم نے انعام کیا (d) تو نے انعام کیا

5. اَلْمَغْضُوْبِ کا ترجمہ کتاب سے کیجیے:

(a) جس پر ظلم ہوا (b) غضب کیا گیا (c) غضب کرنے والا (d) گمراہ ہونے والے

6. کتاب میں مؤنث بنانے کا کیا طریقہ بتایا گیا ہے؟

(a) مذکر کے آگے گول "ۃ" بڑھا کر (b) لمبی "ت" بڑھا کر (c) واؤ، نون بڑھا کر (d) یا، نون بڑھا کر

7. اَلْعَالِمَۃ کیا ہے؟

(a) مذکر (b) جمع مذکر (c) واحد مؤنث (d) جمع مؤنث

8. نیچے دیے گیے الفاظ میں سے حرف پر نشان لگایئے:

(a) مُسْلِم (b) مِنْ (c) مُسْلِمَۃ (d) صَالِحُوْن

9. آپ نے کتاب میں جمع مؤنث بنانے کا کیا طریقہ پڑھا ہے؟

(a) واحد مؤنث سے گول "ۃ" ہٹا کر (b) الف نون بڑھا کر (c) "ات" لگا کر (d) a-c

10. ان میں سے کون سا لفظ جمع مؤنث ہے بتایئے:

(a) صَالِحَات (b) کِتَاب (c) ذَاکِرَۃ (d) صَادِقَۃ

# سبق نمبر-5: اذان، لِ، مِنۡ، عَنۡ...

1. أَشۡهَدُ کا ترجمہ کیا ہے؟

(a) میں بتاتا ہوں (b) میں گواہی دیتا ہوں (c) میں نے گواہی دی (d) وہ گواہی دیتا ہوں

2. حَيَّ عَلٰی کے ترجمہ پر نشان لگائیے:

(a) آؤ میں (b) آؤ سے (c) آؤ پر (d) آؤ طرف

3. اَلۡفَلَاح کا ترجمہ کیجیے:

(a) کامیابی (b) غور و فکر کرنا (c) وسوسہ سے (d) نماز

4. اَلصَّلَاۃ کا معنی کیا ہے؟ (کتاب سے معنی بتائیے)

(a) کامیابی (b) نماز (c) ذکر (d) دعا

5. أَنۡ اور أَنَّ کا معنی کیا ہے؟

(a) بے شک (b) اگر (c) کون (d) کہ

6. "ہمارے لیے" کی عربی بنائیے:

(a) لِيۡ (b) لَكُمۡ (c) لَنَا (d) لَهُمۡ

7. "آپ سب سے" کی عربی بنائیے:

(a) مِنۡهُمۡ (b) مِنۡكَ (c) مِنۡكُمۡ (d) مِنِّيۡ

8. حرف کا کام کیا ہے کتاب سے جواب دیجیے:

(a) قرآن کی تعلیم دیتا ہے (b) اسم یا فعل کو ملاتا ہے (c) جگہ کے نام کو بتاتا ہے (d) کام کو بتاتا ہے

9. "عَنۡهُ" کی جمع کیا ہے؟

(a) عَنۡهُمۡ (b) عَنۡكُمۡ (c) عَنَّا (d) تینوں صحیح ہیں

10. " مِنَ الرَّسُوۡلِ " کا معنی کیا ہوگا؟

(a) رسول کے لئے (b) رسول کے پاس (c) رسول سے (d) رسول کو

## سبق نمبر-6 : **فجر کي اذان، اقامت اور وضو کے بعد کي دعا**، فِيْ، بِ، عَلٰى ...،

1. نیند کس کے برابر ہے؟

(a) آرام (b) موت (c) کام (d) سکون

---

2. دھیان سے وضو کرنے کے بعد دعا پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

(a) وہ جنت میں داخل ہوگا (b) گناہ معاف ہوں گے (c) بہت اجر و ثواب ملے گا (d) جنّت کے آٹھوں دروازے کھول دیے جاتے ہیں

3. اقامت میں کلماتِ اذان کے علاوہ کتنے جملے ہیں؟

(a) دو (b) تین (c) ایک (d) ان میں سے کوئی نہیں

---

4. بِكَ اگر واحد ہے تو اس کی جمع کیا ہوگی؟

(a) بِنَا (b) بِكُمْ (c) فِيْنَا (d) بِهِمْ

---

5. عَلَيْهِ کی مؤنث بتایئے:

(a) فِيْهِ (b) عَلَيْهَا (c) فِيْهَا (d) عَلَيْهِمْ

---

6. فِيْهِمْ کیا ہے؟

(a) واحد (b) مثنیٰ (c) جمع (d) a-b

---

7. "اس عورت پر" کی عربی بتایئے:

(a) عَلَيْهَا (b) عَلَيَّ (c) عليهِمْ (d) عَلَيْكُمْ

---

8. عَلَيْهِمْ کا واحد لکھیے:

(a) عَلَيْهَا (b) عَلَيَّ (c) عَلَيْكَ (d) علَيْهِ

---

9. "مجھ میں" کی عربی بنایئے:

(a) فِيْنَا (b) فِيْكَ (c) فِيَّ (d) مِنّيْ

---

10. "کیا آپ میں بھلائی ہے؟" کی عربی بنایئے:

(a) هَلْ فِيْكَ خَيْر (b) هَلْ فِيْهِ خَيْر (c) هَلْ فِيْنَا خَيْر (d) هَلْ فِيْكُمْ خَيْر

---

## سبق نمبر - 7 : **رکوع، رکوع کے بعد اور سجدے کی دعائیں**، عِنْدَ، إِلٰى، مَعَ ……،

1. سُبْحَانَكَ کا ترجمہ کیجیے:

(a) پاک ہے تو　(b) پاک　(c) تعریف　(d) تیری تعریف

2. بَيْنَهُمَا کا معنی بتایئے:

(a) ان دونوں سے　(b) ان دونوں کے درمیان　(c) ان دونوں میں　(d) ان میں

3. رکوع کی تسبیح کیا ہے؟

(a) سُبْحٰنَ رَبِّيَ الْعَظِيْم　(b) سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ　(c) اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ　(d) تینوں صحیح ہیں

4. مِنْ شَيْءٍ کا ترجمہ کیجیے:

(a) کسی چیز کی وجہ سے　(b) کسی چیز میں　(c) کسی چیز سے　(d) کسی چیز کو

5. حَمِدَهٗ کا ترجمہ بتایئے:

(a) تعریف کی اس کی　(b) آپ نے تعریف کی　(c) اس نے تعریف کی　(d) تمام تعریفیں اسی کی ہیں

6. عِنْدَكَ کی جمع بنایئے:

(a) عِنْدِيْ　(b) عِنْدَهُمْ　(c) عِنْدَكُمْ　(d) عِنْدَنَا

7. مَعِيَ کی جمع لکھیے:

(a) مَعَكَ　(b) مَعَكُمْ　(c) مَعَهُمْ　(d) مَعَنَا

8. "آپ لوگوں کے پاس" کی عربی بنایئے:

(a) عِنْدِيْ　(b) عِنْدَهُمْ　(c) عِنْدَكُمْ　(d) عِنْدَنَا

9. مَعَ کیا ہے؟

(a) فعل　(b) اسم　(c) حرف جر　(d) ظرف مکان

10. إِلَيْنَا کا واحد کیا ہوگا؟

(a) إِلَيَّ　(b) إِلَيْكَ　(c) إِلَيْهِ　(d) ان میں سے کوئی نہیں

## سبق نمبر-8: **تشہد**، ھٰذَا، ھٰٓؤُلَآءِ، ذٰلِكَ، اُولٰٓئِكَ ......،

1. اَلتَّحِيَّاتُ کا ترجمہ کیجیے:

(a) سلامتی ہو (b) ڈھیر ساری رحمتیں (c) سبھی قولی عبادتیں (d) سبھی مالی عبادتیں

2. وَبَرَكَاتُهٗ کا ترجمہ بتایئے:

(a) اور رحمتیں ہوں (b) درود وسلام ہو (c) اور برکتیں ہوں اس کی (d) اور اللہ کی رحمت ہو

3. وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ میں کتنے ٹکڑے ہیں؟

(a) 5 (b) 1 (c) 3 (d) 4

4. اَلصَّالِحِيْنَ کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) نیک لوگ (b) نیک آدمی (c) سچے لوگ (d) متقی

5. اَيُّهَا النَّبِيُّ کا ترجمہ کیا ہے؟

(a) پیارے نبی (b) آخری نبی (c) اے رسول (d) اے نبی

6. "یہ" کی عربی بتایئے:

(a) هُوَ (b) ذٰلِكَ (c) اُولٰٓئِكَ (d) هٰذَا

7. ذٰلِكَ کی جمع کیا ہے؟

(a) هُمْ (b) اُولٰٓئِكَ (c) اَلَّذِيْنَ (d) هٰٓؤُلَاءِ

8. هٰٓؤُلَاءِ کا معنی بتایئے:

(a) یہ (b) آپ سب (c) یہ سب (d) وہ سب

9. اُولٰٓئِكَ کے معنی لکھیے:

(a) یہ (b) آپ سب (c) یہ سب (d) وہ سب

10. هٰٓؤُلَاءِ کا واحد کیا ہے؟

(a) هُوَ (b) هٰذَا (c) اَلَّذِيْ (d) ذٰلِكَ

# سبق نمبر-9: **درود (نبي ﷺ کے لیے دعا)**، فَعَلَ، فَتَحَ، جَعَلَ ......،

1. إِنَّكَ کا ترجمہ کیجیے:

(a) بے شک (b) اگر آپ (c) کہ آپ (d) بے شک تو

2. صَلِّ کا ترجمہ تحریر کیجیے:

(a) خیال پیدا کر! (b) غور و فکر کر! (c) فرض پڑھ! (d) درود بھیج!

3. حَمِيْدٌ کا صحیح ترجمہ بتایئے:

(a) اس نے تعریف کی (b) تعریف کرنا (c) تعریف کے قابل (d) بزرگی والا

4. بَارِكْ کا ترجمہ کیا ہے؟

(a) اس نے درود بھیجا (b) درود بھیج (c) اس نے برکت کی دعا کی (d) برکت عطا فرما!

5. صَلَّيْتَ کا درست ترجمہ بتایئے:

(a) آپ نے ذکر کیا (b) بھیجی رحمت تو نے (c) برکت عطا فرما (d) تو نے نماز پڑھی

6. فعل کی تعریف لکھیے:

(a) کام کے کرنے یا ہونے کو بتاتا ہے (b) فعل کے دو معنی ہیں (c) یہ دو اسموں کو جوڑتا ہے (d) سب غلط ہیں

7. فَعَلْتُمْ کا واحد بتایئے:

(a) فَعَلْتُ (b) فَعَلْتِ (c) فَعَلْتَ (d) فَعَلُوْا

8. فَعَلْنَا کے معنی لکھیے:

(a) اس نے کیا (b) آپ نے کیا (c) ہم سب نے کیا (d) میں نے کیا

9. فَعَلَ کی جمع بنایئے:

(a) فَعَلْتُمْ (b) فَعَلْتِ (c) فَعَلْتَ (d) فَعَلُوْا

10. فَعَلُوْا کے صحیح معنی کیا ہیں؟

(a) اس نے کیا (b) ان سب نے کیا (c) آپ نے کیا (d) میں نے کیا

## سبق نمبر-10 : **نماز کے بعد کی دعائیں**، نَصَرَ، خَلَقَ، ذَکَرَ، عَبَدَ ......،

1. أَعِنِّي کا درست ترجمہ بتائیے:

(a) مجھ سے (b) مدد فرما میری (c) برکت عطا فرما (d) میری طرف سے

2. اٰتِنَا کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) ہم سب کو دیا (b) ہم سب نے دیا (c) ہمارے پاس آ (d) ہمیں دے

3. وَقِنَا کا ترجمہ بتائیے:

(a) اور ہم نے بچالیا (b) ہمیں بچا (c) اور ہمیں بچا (d) ہم بچ گئے

4. نَار کے معنی بتائیے:

(a) اندھیرا (b) آگ (c) رات (d) سزا

5. حَسَنَة کا ترجمہ کیا ہے؟

(a) تندرست (b) حسین (c) بھلائی (d) سزا

6. نَصَرَتْ کے معنی بتائیے:

(a) اس عورت نے مدد کی (b) میں نے مدد کی (c) آپ نے مدد کی (d) اس مرد نے مدد کی

7. نَصَرَ کا مؤنث کیا ہوگا؟

(a) نَصَرُوْا (b) نَصَرَتْ (c) نَصَرْتُمْ (d) نَصَرْتُ

8. خَلَقْنَا کے معنی کیا ہیں؟

(a) اس نے پیدا کیا (b) میں نے پیدا کیا (c) آپ نے پیدا کیا (d) ہم نے پیدا کیا

9. خَلَقْتَ کی جمع کیا ہے؟

(a) خَلَقْنَا (b) خَلَقْتُمْ (c) خَلَقُوْا (d) خَلَقَتْ

10. عَبَدْتُّ کے معنی کو منتخب کیجیے:

(a) اس نے عبادت کی (b) میں نے عبادت کی (c) آپ نے عبادت کی (d) ہم نے عبادت کی

11. خَلَقَهُمْ کا واحد لکھیے:

(a) خَلَقَهُ (b) خَلَقُوْا (c) خَلَقَكُمْ (d) خَلَقْنَا

سبق نمبر-11: **سُوْرَۃُ الإِخْلَاصِ**، ضَرَبَ، سَمِعَ، عَلِمَ، عَمِلَ .......،

1. وَلَمْ یُوْلَدْ کا ترجمہ بتایئے:

(a) نہ اس نے جنا (b) آپ کہہ دیجیے (c) اور نہ وہ جنا گیا (d) بے نیاز

2. اَحَدٌ کا معنی بتایئے!

(a) پاک ہے (b) بے نیاز (c) اس نے سب کو پیدا کیا (d) ایک ہے

3. کون سی سورت ایک تہائی قرآن کے برابر ہے؟

(a) سورہ کوثر (b) سورہ نصر (c) سورہ اخلاص (d) سورہ عصر

4. صرف اَلصَّمَدُ کا ترجمہ مطلوب ہے:

(a) بے نیاز (b) کسی کا محتاج نہیں (c) زندہ رہنے والا (d) پالنے والا

5. قُلْ کا ترجمہ بتایئے:

(a) اس نے کیا (b) آپ نے کہا (c) میں کہہ چکا (d) کہہ دیجیے

6. لَمْ یَلِدْ کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) نہ اس نے کسی کو جنا (b) نہ وہ کسی کو جنے گا (c) اس نے پیدا کیا (d) وہ پیدا کرنے والا ہے

7. ضَرَبْنَا کا واحد لکھیے:

(a) ضَرَبْتُمْ (b) ضَرَبْتُ (c) ضَرَبْتَ (d) ضَرَبَتْ

8. سَمِعُوْا کا معنی لکھیے؟

(a) اس نے سنا (b) میں نے سنا (c) آپ نے سنا (d) ان سب نے سنا

9. عَمِلَتْ کا مذکر کیا ہوگا؟

(a) عَمِلْتَ (b) عَمِلَ (c) عَمِلُوْا (d) عَمِلْتُمْ

10. عَلِمْتُمْ کا واحد کیا ہے؟

(a) عَلِمْتَ (b) عَلِمَ (c) عَلِمَتْ (d) عَلِمْتُ

## سبق نمبر-12: **سُوْرَةُ الْفَلَق**، یَفْعَلُ، یَفْتَحُ، یَجْعَلُ ......،

1. اَلْفَلَقِ کا ترجمہ بتایئے:

(a) صبح سویرے (b) صبح کی کرنیں (c) صبح کے (d) رات کا اندھیرا

2. اَلنَّفَّاثَاتِ کا ترجمہ کتاب کی روشنی میں بتایئے:

(a) پھونک مارنے والے (b) وہ پھونک مارتے ہیں (c) پھونکیں مارنے والیوں کے (d) اس نے پھونکیں ماریں

3. غَاسِقٍ کا ترجمہ مطلوب ہے:

(a) اندھیرے کے (b) صبح کے (c) جب چھا جائے (d) رات

4. فِی الْعُقَدِ کا ترجمہ بتایئے:

(a) جال میں (b) گرہوں میں (c) شر (d) رات میں

5. اِذَا حَسَدَ کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) جب وہ حسد کرے (b) جب اس نے حسد کیا (c) جب وہ حسد کرے گا (d) جب وہ حسد کرتی ہے

6. فعل مضارع میں کتنے زمانے شامل ہیں؟

(a) حال، ماضی (b) ماضی، مستقبل (c) ماضی (d) حال، مستقبل

7. أَفْعَلُ کا معنیٰ لکھیے:

(a) میں نے کیا (b) کیا اس نے کیا (c) میں کرتا ہوں (d) ہم سب کرتے ہیں

8. یَفْعَلُ کا مؤنث بتایئے:

(a) یَفْعَلُوْنَ (b) تَفْعَلُ (c) تَفْعَلُوْنَ (d) أَفْعَلُ

9. تَجْعَلُوْنَ کا کیا معنیٰ ہے؟

(a) وہ بناتا ہے بنائے گا (b) آپ سب نے بنایا (c) آپ بناتے ہیں (d) آپ سب بناتے ہیں

10. نَفْتَحُ کا واحد کیا ہے؟

(a) یَفْتَحُ (b) أَفْتَحُ (c) تَفْتَحُ (d) یَفْتَحُوْنَ

## سبق نمبر-13: **سُوْرَةُ النَّاسِ**، يَنْصُرُ، يَخْلُقُ، يَذْكُرُ، يَعْبُدُ .......

1. مَلِكِ النَّاسِ کا کتاب سے ترجمہ کیجیے:

(a) لوگوں کے بادشاہ کی (b) لوگوں میں طاقتور (c) لوگوں کا مالک (d) لوگوں کے معبود کی

2. اَلْخَنَّاس کا ترجمہ بتایئے:

(a) وسوسہ ڈالنے والا (b) پھونک مارنے والے (c) چھپ چھپ کر حملہ کرنے والا (d) حملہ کرنے والا

3. اَلْوَسْوَاسِ کے ترجمہ کا انتخاب کیجیے:

(a) دشمنی کرنے والا (b) نقل کرنے والا (c) فکر کرنے والا (d) وسوسہ ڈالنے والے

4. یُوَسْوِسُ کا کتاب سے ترجمہ کیجیے:

(a) خیال پیدا کرنا (b) بھٹکاتا ہے (c) وسوسہ ڈالتا ہے (d) خلل ڈالتا ہے

5. فِی صُدُوْرِ کا ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) ذہنوں میں (b) دلوں میں (c) فکروں میں (d) گرہوں میں

6. یَخْلُقُ کا ماضی متعین کیجیے:

(a) خَلَقَ (b) خَلَقْتَ (c) خَلَقُوْا (d) خَلَقْتُ

7. تَعْبُدُوْنَ کا فعل ماضی کیا ہے؟

(a) عَبَدُوْا (b) عَبَدْنَا (c) عَبَدْتُّمْ (d) عَبَدَتْ

8. ذَکَرْنَا کا مضارع کیا ہوگا؟

(a) تَذْکُرُ (b) نَذْکُرُ (c) یَذْکُرُوْنَ (d) تَذْکُرُوْنَ

9. تَذْکُرُ کے صحیح معنی لکھیے:

(a) وہ یاد کرتا ہے (b) میں یاد کرتا ہوں (c) آپ نے یاد کیا (d) آپ یاد کرتے ہیں

10. یَعْبُدُوْنَ کا فعل ماضی کیا ہے؟

(a) عَبَدُوْا (b) عَبَدْنَا (c) عَبَدْتُّمْ (d) عَبَدَتْ

## سبق نمبر-14 : **سُوْرَةُ الْعَصْرِ** يَضرِبُ، يَسمَعُ، يَعْلَمُ، يَعْمَلُ .......،

1. لَفِيْ خُسْرٍ کا ترجمہ کتاب کے مطابق کیجیے:

(a) انسان برباد ہے (b) بے شک ناکام ہے (c) البتہ خسارے میں (ہے) (d) البتہ شک میں ہے

2. وَتَوَاصَوْا کا صحیح ترجمہ کیجیے:

(a) ان لوگوں نے صبر کیا (b) اور ایک دوسرے کو وصیت کی (c) حق کی وصیت کی (d) صبر کی وصیت کی

3. عَصْر کے معنی بتائیے:

(a) مدت (b) رات (c) نماز عصر (d) زمانہ

4. اٰمَنُوْا کا ترجمہ سبق کی روشنی میں مطلوب ہے:

(a) اس نے مان لیا (b) ایمان لائے (c) ہم سب ایمان لائے (d) وہ ایمان لایا

5. کتاب سے اَلصّٰلِحٰتِ کا ترجمہ لکھیے:

(a) نیک عورتیں (b) نیک (c) خوبصورت (d) مسلم عورتیں

6. أَنَّ کا کتاب سے صحیح ترجمہ بتائیے:

(a) اگر (b) بے شک (c) کہ (d) ضرور

7. لَنْ کا معنی بتائیے:

(a) اگر (b) البتہ (c) تحقیق (d) ہر گز نہیں

8. تَسمَعُ کے معني۔۔۔۔ ھے:

(a) آپ نے سنا (b) میں سنتا ہوں (c) آپ سنتے ہیں (d) اس عورت نے سنا

9. نَضرِبُ کا فعل ماضي بتائيے:

(a) أَضرِبُ (b) تَضرِبُ (c) ضَرَبُوْا (d) ضَرَبْنَا

10. ضَرَبْنَا کا ترجمہ کیجیے:

(a) ہم سب نے مارا (b) آپ نے مارا (c) میں نے مارا (d) ان لوگوں نے مارا

11. أَعْلَمُ کا کیا معني ھوگا؟

(a) میں جانتا ہوں (b) آپ نے جانا (c) ہم سب جانتے ہیں (d) وہ جانتا ہوں

## سبق نمبر-15 : سُوْرَةُ النَّصْرِ، اِفْعَلْ، اِفْتَحْ، اِجْعَلْ …….

1. نَصْرُ اللّٰہِ کا ترجمہ کیجیے:

(a) اللہ کی طاقت　(b) مدد اللہ کی　(c) اللہ نے مدد کی　(d) اللہ کی مدد آئی

2. اَلنَّاسَ يَدْخُلُوْنَ کا صحیح ترجمہ بتائیے:

(a) اور آپ دیکھیں لوگ　(b) لوگوں نے داخلہ لیا　(c) لوگ داخل ہو رہے ہیں　(d) لوگ داخل ہو گئے

3. وَاسْتَغْفِرْهُ کا صحیح ترجمہ کیا ہوگا؟

(a) اور اس سے بخشش طلب کریں　(b) اور اس کو معاف کر دیا　(c) معاف کرو اس کو　(d) وہ ہمیں معاف کرے گا

4. فَسَبِّحْ میں کتنے ٹکڑے ہیں؟

(a) 1　(b) 3　(c) 4　(d) 2

5. اَفْوَاجًا کا ترجمہ کیجیے:

(a) ابابیل　(b) ابرہہ کی فوج　(c) فوج در فوج　(d) اللہ کے دین میں

6. امر کا کیا معنی ہے؟

(a) دعوت دینا　(b) تبلیغ کرنا　(c) حکومت کرنا　(d) حکم دینا

7. اِفْتَحْ کے صحیح معنی بتائیے:

(a) میں کھولتا ہوں　(b) اس نے کھولا　(c) کھول !　(d) میں نے کھولا

8. "مت بناؤ" کی عربی بتائیے:

(a) اَجْعَلُ　(b) لَا تَجْعَلُوْا　(c) اِجْعَلُوْا　(d) لَا تَجْعَلُ

9. لَا تَفْتَحْ کا معنی لکھیے:

(a) میں کھولتا ہوں　(b) مت کھول !　(c) آپ نے نہیں کھولا　(d) آپ نہیں کھولیں گے

10. اِفْعَلُوْا کے واحد کا تعین کیجیے:

(a) اِفْعَلُوْا　(b) اِفْعَلْ　(c) اِفْعَلَا　(d) اِفْعَلِي

## سبق نمبر-16 : **سُوْرَةُ الْكَافِرُوْنَ**، اُنْصُرْ، اُخْلُقْ، اُذْكُرْ، اُعْبُدْ .......،

1. یٰاَیُّهَا کا ترجمہ بتائیے:

(a) اے لوگو! (b) سنو (c) اے کافرو! (d) <u>اے</u>

2. وَلَا اَنْتُمْ کا ترجمہ مطلوب ہے:

(a) اور نہ وہ (b) اور تم (c) اور نہ ہم سب (d) <u>اور نہ تم</u>

3. عٰبِدُوْنَ کا ترجمہ کیجیے:

(a) ان لوگوں نے عبادت کی (b) وہ سب عبادت کریں گے (c) <u>عبادت کرنے والے</u> (d) عبادت کرنے والا

4. عَبَدْتُّمْ کا کیا ترجمہ ہوگا؟

(a) میں نے عبادت کی (b) <u>تم نے عبادت کی</u> (c) اس نے عبادت کی (d) تم عبادت کروگے

5. مَا کا صحیح ترجمہ کیجیے: (سورہ کافروں کی روشنی میں)

(a) نہیں (b) <u>جس کی</u> (c) جو (d) جس

6. "پیدا کر" کی عربی کیا ہوگی؟

(a) خَلَقَ (b) یَخْلُقُ (c) <u>اُخْلُقْ</u> (d) لَا تَخْلُقْ

7. لَا تَذْکُرْ کی جمع بتائیے:

(a) لَا تَذْکُرْ (b) لَا تَذْکُرُوْنَ (c) <u>لَا تَذْکُرُوْا</u> (d) لَا یَذْکُرُوْنَ

8. "مت مدد کرو" کی عربی کیا ہوگی؟

(a) لَا تَنْصُرُوْنَ (b) <u>لَا تَنْصُرُوا</u> (c) لَا تَذْکُرْ (d) لَا تَذْکُرُوْا

9. "عبادت کر" کی عربی بنائیے:

(a) اُعْبُدُوْنَ (b) <u>اُعْبُدْ</u> (c) تَعْبُدُ (d) تَعْبُدُوْنَ

10. لَا تَخْلُقْ کی جمع کا انتخاب کیجیے:

(a) مَا خَلَقُوْا (b) لَا یَخْلُقُوْنَ (c) لَا تَخْلُقُوْنَ (d) <u>لَا تَخْلُقُوْا</u>

## سبق نمبر-17 : **نزول قرآن کا مقصد**، اِضۡرِبۡ، اِسۡمَعۡ، اِعۡلَمۡ، اِعۡمَلۡ ......،

1. اَنۡزَلۡنَاهُ کا کتاب سے ترجمہ کیجیے:

(a) میں نے اتارا اس کو (b) ہم نے اتارا قرآن کو (c) ہم نے اتارا ہے اس کو (d) ہم اتاریں گے اس کو

2. اِلَيۡكَ میں کتنے ٹکڑے ہیں؟

(a) 4 (b) 2 (c) 3 (d) 1

3. اُولُوا الۡاَلۡبَابِ کا معنی تحریر کیجیے:

(a) دماغ والے (b) فکر والے (c) تدبر والے (d) عقل والے

4. لِيَدَّبَّرُوۡا کا ترجمہ کیجیے:

(a) تاکہ وہ نصیحت پکڑیں (b) تاکہ وہ سمجھیں (c) تاکہ وہ غور کریں (d) تاکہ وہ عقلمند بنیں

5. وَلِيَتَذَكَّرَ میں صرف يَتَذَكَّرَ کا ترجمہ مطلوب ہے:

(a) تاکہ وہ نصیحت پکڑیں (b) تاکہ وہ سمجھیں (c) تاکہ وہ غور کریں (d) نصیحت پکڑیں

6. "تم سب مت سنو" کی عربی کیا ہو گی؟

(a) لَا تَسۡمَعۡ (b) لَا تَسۡمَعُوۡنَ (c) مَا سَمِعۡتُمۡ (d) لَا تَسۡمَعُوۡا

7. لَا تَضۡرِبُوۡا کا معنی بتائیے:

(a) آپ نے مارا (b) آپ سب نہیں مارتے ہیں (c) مت مارو! (d) مارنے والے

8. لَا تَسۡمَعُوۡا کا واحد کیا ہوگا؟

(a) لَا تَسۡمَعۡ! (b) لَا تَسۡمَعُوۡنَ (c) ماسَمِعۡتُمۡ (d) لَا تَسۡمَعُوۡا

9. اِعۡلَمۡ کا ترجمہ کیا ہے؟

(a) کر (b) میں جانتا ہوں (c) جان! (d) میں نے جان لیا

10. اِضۡرِبُوۡا کا واحد بتائیے:

(a) لَا تَضۡرِبۡ (b) ضَرَبَ (c) يَضۡرَبُ (d) اِضۡرِبۡ

سبق نمبر-18 : **قرآن آسان، اوراس کا سیکھنا بہترین کام**، فَاعِلٌ، مَفْعُوْل، فِعْل ……،

1. وَلَقَدْ کا صحیح ترجمہ کیجیے:

(a) اور تحقیق (b) اور ہم نے آسان کیا (c) اور البتہ تحقیق (d) اور البتہ

2. يَسَّرْنَا کا ترجمہ کتاب کی روشنی میں کیجیے:

(a) آسانی پیدا کی (b) ہم نے آسان کیا (c) ہم اسے آسان بناتے ہیں (d) ہم آسان بنادیں گے

3. ذِكْرٌ کے کتنے معنی ہیں؟

(a) 4 (b) 2 (c) 3 (d) 1

4. وَعَلَّمَهُ کا ترجمہ بتائیے:

(a) اور سیکھا اس سے (b) سکھاتا ہے اس کو (c) اور سکھاتا ہے (d) اور سکھائے اس کو

5. بِالنِّيَّاتِ کا معنی بتائیے: (کتاب سے جواب دیجیے)

(a) اور نیتوں سے (b) نیتوں پر ہیں (c) نیتوں کے مطابق ہیں (d) آپ کی نیت

6. فَاعِل کی جمع کیا ہوگی؟

(a) فَعَلُوْا (b) فَاعِلُوْن (c) فَاعِلِيْنَ (d) b اور c

7. فَاعِل کا کیا مطلب ہے؟

(a) جس پر کام کا اثر ہوا (b) کرنے والا (c) کام (d) تینوں صحیح ہیں

8. جَاعِلُوْنَ کا واحد کیا ہوگا؟

(a) جَعَلَ (b) جَاعِل (c) يَجْعَلُ (d) مَجْعُوْل

9. مَفْعُوْل کی جمع بتائیے:

(a) مَفْعُوْلُوْن (b) فَاعِلُوْن (c) فَاعِلِيْن (d) يَفْعَلُوْن

10. هُوَ فَاتِح کا کیا معنی ہے؟

(a) وہ کھولنے والا ہے (b) آپ کھولنے والے ہیں (c) ہم کھولنے والے ہیں (d) وہ کھولنے والی ہے

## سبق نمبر-19 : **قرآن سیکھنے کی دعا اور طریقہ**، فَاعِلٌ، مَفْعُوْل، عَبَدَ، ضَرَبَ ......،

1. "زیادہ کر مجھے" کی عربی کیا ہے؟

(a) رَبِّیْ زِدْنِیْ (b) عِلْمًا (c) رَبِّیْ (d) زِدْنِیْ

2. اَلَّذِیْ کا ترجمہ کیجیے:

(a) وہی جو (b) جس نے (c) وہ سب (d) ہم سب جو

3. کتاب سے اَیُّکُمْ کا ترجمہ کیجیے:

(a) ان میں سے کون ہوگا (b) ہم میں سے کون (c) کون تم میں سے (d) کون تم؟

4. اَحْسَنُ کا ترجمہ مطلوب ہے:

(a) خوبی (b) اچھائی والا (c) بہتر ہوگا (d) خوبی والا

5. عَلِمَ کا کیا معنی ہوگا؟

(a) سیکھا (b) پڑھا (c) جانا (d) سکھایا

6. عَمَلٌ سے ماضی بنائیے:

(a) عَلِمَ (b) یَعْمَلُ (c) عَمِلَ (d) عَامِل

7. مَسْمُوْع کا معنی بتائیے:

(a) اس نے سنا (b) سننے والا (c) جو سنتا ہے (d) جو سنا گیا

8. ضَارِب کا ماضی بنائیے:

(a) ضُرِبَ (b) یَضْرِبُ (c) ضَرَبَ (d) مَضْرُوْب

9. مَعْبُوْد کا کیا معنی ہے؟

(a) کس نے عبادت کی (b) جس نے عبادت کی (c) جس کی عبادت کی گئی (d) عبادت کرنے والا

10. مَعْبُوْد کا مضارع بنائیے:

(a) عَبَدَ (b) یَعْبُدُ (c) اُعْبُدْ (d) عَابِد

## سبق نمبر-20: **اب تک کیا سیکھا اور آگے کیا سیکھیں گے؟**، شارٹ ٹیبل ...،

1. وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ میں کون سا لفظ آپ نے نہیں پڑھا؟

(a) وَ (b) أُولٰئِكَ (c) هُمُ (d) الْمُفْلِحُوْنَ

---

2. مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ میں کون سا لفظ فعل ہے؟

(a) مِنَ (b) النَّاسِ (c) يَّقُوْلُ (d) ان میں سے کوئی نہیں

---

3. أَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ میں نئے الفاظ کی نشاندہی کیجیے!

(a) أَنْذَرْتَ (b) اَمْ (c) لَمْ (d) a اور b

---

4. اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ میں نیا لفظ بتایئے:

(a) اِنَّ الَّذِيْنَ (b) كَفَرُوْا (c) سَوَاءٌ (d) عَلَيْهِمْ

---

5. إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ میں نئے الفاظ کون سے ہیں؟

(a) الْحَيُّ (b) الْقَيُّوْمُ (c) إِلَّا (d) a اور b

---

6. فَتَحَ سے اسم مفعول کیا ہوگا؟

(a) فَتَحْتُ (b) فَاتِح (c) اِفْتَحْ (d) مَفْتُوْح

---

7. عَبَدَ کا مصدر بتایئے:

(a) عَابِدَة (b) تَعْبُدُوْنَ (c) عِبَاد (d) عِبَادَة

---

8. "جس کو جانا گیا" کی عربی کیا ہوگی؟

(a) عَلِمَ (b) مَعْلُوْم (c) عَالِم (d) عِلْم

---

9. "سننے والا" کی عربی بنایئے:

(a) يَسْمَعُ (b) مَسْمُوْع (c) سَامِع (d) سَمَاعًا

---

10. ضَرَبَ کا معنی بتایئے:

(a) اس نے مارا (b) مارنا (c) مارنے والا (d) جس کو مارا گیا

---